تنظیمِ اسلامی مرکزی شعبہ نشرواشاعت
K/36 ماڈل ٹاؤن لاہور-فون 3-042-35869501 -042-35856304 فیکس 042-35834000
E-mail: media@tanzeem.org, Website:www.tanzeem.org

تنظیم اسلامی
18-جنوری 2019ء

# پریس ریلیز

لاہور(پ ر)وفاقی شرعی عدالت کا سود کے حوالے سے لیت و لعل سے کام لینا افسوسناک ہے۔یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر حافظ عاکف سعید نے اپنے ایک بیان میں کہی۔انہوں نے کہا کہ عدالت کا یہ کہنا انتہائی مضحکہ خیز ہے کہ جب تک سود کا متبادل نظام نہیں آجاتا سود کو ختم کرنے کا کوئی فائدہ نہیں۔انہوں نے کہا کہ وفاقی شرعی عدالت کا یہ کام ہی نہیں ہے کہ وہ سود کے متبادل نظام کی متلاشی ہو۔اُسے تو یہ فیصلہ دینا ہے کہ ملک میں جاری سود ہی رِبا ہے جسے قرآن نے حرامِ مطلق قرار دیا ہے۔عدالت کا کام صرف یہ دیکھنا ہے کہ کون سا قانون خلاف شریعت ہے۔وفاقی شرعی عدالت کو یہ کیس 2002ء میں ریمانڈ ہوا تھا اور 2013ء سے باقاعدہ سماعت کا آغاز ہوا۔مگر ابھی تک وہ اس کیس کا فیصلہ نہیں کرسکی۔جبکہ 1991ء میں اسی وفاقی شرعی عدالت نے 3 ماہ میں اور 1999ء میں سپریم کورٹ کے شریعت اپیلٹ بنچ نے 5 ماہ میں اس کا انتہائی مدلل اور مربوط فیصلہ صادر کیا تھا۔1991ء میں وفاقی شرعی عدالت کے فیصلے میں جسٹس تنزیل الرحمان نے واضح کیا تھا کہ موجودہ سود اور ربا ایک ہی شے ہے۔امیر تنظیم اسلامی نے کہا کہ وفاقی شرعی عدالت کو سود کے معاملے میں اپنی آئینی و شرعی ذمہ داریوں کو پورا کرنا چاہیے۔

جاری کردہ

(ایوب بیگ مرزا)
ناظم نشرواشاعت تنظیم اسلامی
0321-4893436

# TANZEEM-E-ISLAMI

**PRESS RELEASE: 18 January 2019**

تنظیمِ اسلامی

## "The delaying tactics and moratorium being used by the Federal Shariat Court in the case pertaining to Riba are condemnable."

**(Hafiz Aakif Saeed)**

**Lahore (PR): "The delaying tactics and moratorium being used by the Federal Shariat Court in the case pertaining to Riba are condemnable."**

This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Hafiz Aakif Saeed**, in a statement. The Ameer noted that the remark made by the court that it would be useless to abolish Riba (Interest; both usury and institutional) until an "alternative system" was developed to replace it was nothing short of being riotously ironic. He added that it was neither the role nor the purview of the Federal Shariat Court to "search" for a system alternative to Riba (when it already exists). The court's jurisdiction was to rule that the current system of Interest (both usury and institutional) was, in fact, Riba, which has been declared as an absolute prohibition (*Haram-e-Multak*) in the Qur'an. The jurisdiction of the court is to examine which laws or practices are in violation of the Islamic Shariah and give decisions accordingly. The Ameer said that this case had been remanded to the Federal Shariat Court in 2002 and its formal hearing began in the court in 2013. Yet the court had been unable to deliver a verdict on this case even after all these years. Whereas, the same institution (Federal Shariat Court) in the year 1991 and the Shariat Appellate Bench of the Supreme Court in the year 1999 had delivered extremely comprehensive, detailed and exhaustive decisions on the matter, after deliberations of only 2 and 5 months, respectively. In the decision made by the Federal Shariat Court in the year 1991, the late Justice (r) Dr. Tanzil-ur-Rahman had categorically stated that the current system of Interest (both usury and institutional) and Riba were one and the same thing. The Ameer concluded by demanding that the Federal Shariat Court ought to fulfill its constitutional and religious obligations in the matter pertaining to the pending case of Riba (interest; both usury and institutional).

**Issued by**
**Ayub Baig Mirza**
**Nazim of Press and Publications Section**
**Tanzeem-e-Islami, Pakistan**